## سوال

(131)ڈاکٹر کا کسی اجنبی عورت کا معائنہ کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں نے پانچ سال بھی پہلے شادی کی تھی لیکن میری بیوی نے تاحال کسی بچے کو جنم نہیں دیا لہٰذا ہم نے ڈاکٹر کے پاس جانے کا فیصلہ کیا تو ڈاکٹر نے میرا معائنہ کیا اور مجھے بالکل تندرست قرار دیا اب میری بیوی کا مسئلہ ہے کیا اگر ڈاکٹر سے معائنہ کرایا جائے تو مجھے گناہ تو نہ ہو گا؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی انتہائی ناگزیر ضرورت کے بغیر مرد کےلئے کسی عورت کے ستر کو دیکھنا جائز نہیں ہے اور یہاں کوئی ایسی ناگزیر ضرورت نہیں ہے کیونکہ اس مقصد کےلئے آپ کو امراض نسواں کی ماہر کوئی عورت مل سکتی ہے اور ایسی عورتیں اندرون و بیرون ملک بہت ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ اسلامیہ**

**کتاب النکاح : جلد 3 صفحہ 104**